Series ∈FGHE/C

Set-4

Q.P. Code **258**

Roll No.

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# ہوم سائنس (تھیوری)

# HOME SCIENCE (Theory)

## (Urdu Version)

وقت: ۳ گھنٹے

کل نمبر: ۷۰

Time allowed : **3** hours

Maximum Marks : **70**

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **15** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **35** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15. منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح۔10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **15** printed pages.
- Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **35** questions.
- **Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

## عام ہدایات :

مندرجہ ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے اور اُن پر سختی سے عمل کیجیے :

(i) ***سبھی*** سوالات **لازمی** ہیں۔

(ii) اس سوال نامے میں **35** سوالات ہیں۔

(iii) سوال نامے کو تین سیکشن **A**، **B** اور **C** میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(iv) ***سیکشن۔ A*** میں سوال نمبر **1** سے **18** (کثیر متبادل والے سوال ہیں) اور ہر سوال 1 نمبر کا ہے۔

(v) ***سیکشن۔ B*** میں سوال نمبر **19** سے **25**، 2 نمبر والے اور **26** تا **29** ہر ایک 3 نمبر والے ہیں۔

(vi) ***سیکشن۔C*** میں سوال نمبر **30** سے **33** ہر ایک 4 نمبر والے اور سوال نمبر **34** اور **35**، ہر ایک کے 5 نمبر ہیں۔

(vii) کچھ سوالوں میں اندرونی متبادل دیے گئے ہیں۔

(viii) جہاں بھی ضرورت ہو موزوں مثالوں کے ساتھ اپنے جوابات کی حمایت میں لکھیں۔

# سیکشن-A

**1.** ریڈربن ایکسپریس (آر،آر،ای) کس بیماری کے ہارنے میں ملک گیر پیمانے پر بیداری پیدا کرنے کی مہم تھی؟ *1*

(a) ٹی۔بی

(b) پولیو

(c) ایڈس

(d) ڈائریا

**2.** بھارت سرکار ______________ کی کس اسکیم کے مطابق لڑکیوں کی اسکولی تعلیم میں داخلہ کے لیے برج کورس (Bridge Course) کرایا جاتا ہے۔ *1*

(a) بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ

(b) کستور باگاندھی با لیکاودھیالیہ

(c) لاڈلی یوجنا

(d) سُوکنّیا سمرّدھی یوجنا

**.3** ____________ ہوٹل میں مہمانوں کا استقبال کرتا ہے اور ان کو رجسٹریشن ڈیسک تک ساتھ لے کر جاتا ہے۔ *1*

(a) گھنٹی بجانے والا

(b) بیل کپتان

(c) دربان

(d) بدلی منیجر

**.4** کس تنظیم/پروجیکٹ کے ذریعے غریب خواتین کو انفورمیشن اینڈ کمنیکیشن ٹیکنالوجی (آئی سی ٹی) تعلیم فراہم کرنے کے لیے کمیونٹی لرننگ سینٹر اور ٹیلی سینٹر کیوسک بنائے جاتے ہیں ؟ *1*

(a) چھتیرا گاؤں پروجیکٹ

(b) سیوا (SEWA)

(c) ناکو (NACO)

(d) یونیسیف (UNICEF)

**.5** بصری تجارتی سامان کے ڈیزائنر (Designer) کس کے ذمہ دار ہیں؟ *1*


(a) کپڑے اور ملبوسات کے ڈیزائن بنانے کے لیے۔

(b) فلموں کے لیے ضروری تصوراتی ڈیزائن بنانا۔

(c) اسٹور کے سامان کا انتظام اور بتوں کو پُر کشش بنانا۔

(d) خرید و فروخت

**.6** درج ذیل تصویر میں دکھائی گئی دستکاری کو پہچانیے اور اس ریاست کا نام بتائیے جہاں یہ مقبول ہے۔ *1*



(a) کرناٹک کی چن پٹن کی مورتیاں (b) راجستھان کی کٹھ پتلی شلپ

(c) آسام کا بانس شلپ (d) کیرل کا ناریل شلپ

مندرجہ ذیل سوال **بصارتی محروم امیدواروں** کے لیے سوال نمبر **6** کے بدلے :

اوڈیشہ کی مشہور دستکاری کا نام بتائیے۔

(a) شولہ دستکاری (b) ناریل دستکاری

(c) پتھر کی مجسّمہ سازی (d) وارلی پینٹنگ

**.7** صارفین کی رپورٹس کس ملک کی صارفین تنظیم (Consumer organisation) کی اشاعت ہے ؟ *1*

(a) امریکہ (b) انگلینڈ

(c) **ہندوستان** (d) آسٹریلیا

**8.** مندرجہ ذیل میں سے کون سی کامیاب کاروباریوں کی علامت **نہیں** ہے؟ *1*

(a) لچیلاپن

(b) سیکھنے کی خواہش

(c) خطرہ لینے کی ہمّت نہ کرنا

(d) اظہارِ خیال کی اچھی مہارت

**9.** مندرجہ ذیل درست جوڑ کو ملائیے : *1*

| | | | |
|---|---|---|---|
| i. | کریچ (Creche) / مرکز اطفال | 1. | پیدائش سے لے کر آٹھ سال تک |
| ii. | آنگن باڑی | 2. | دو سے تین سال تک |
| iii. | چھوٹے بچے (Toddler) | 3. | متبادل بچے کی دیکھ بھال |
| iv. | اولین بچپن | 4. | آئی۔ سی، ڈی، ایس |

مندرجہ ذیل سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے :

(a) i – 2, ii – 3, iii – 4, iv – 1

(b) i – 3, ii – 4, iii – 2, iv – 1

(c) i – 1, ii – 4, iii – 2, iv – 3

(d) i – 4, ii – 1, iii – 3, iv – 2

**.10** مندرجہ ذیل درست جوڑ کو ملائیے : 1

| | | | |
|---|---|---|---|
| .i | ہال مارک | .1 | ریشمی ساڑی |
| .ii | وول مارک | .2 | سونا اور چاندی کے زیورات |
| .iii | آئی۔ایس۔آئی مارک | .3 | کمبل |
| .iv | سلک مارک | .4 | بجلی کے سامان |

صحیح جواب کا انتخاب کیجیے :

(a) i – 2, ii – 1, iii – 4, iv – 3

(b) i – 1, ii – 4, iii – 2, iv – 3

(c) i – 3, ii – 4, iii – 2, iv – 1

(d) i – 2, ii – 3, iii – 4, iv – 1

**.11** ایک فراک میں 'دوہرانہ' (Repetition) ذیل میں سے کن طریقوں کے ذریعہ حاصل کیا جا سکتا ہے؟ 1

(i) آہستہ آہستہ بٹنوں کے سائز میں اضافہ کر کے

(ii) گلے اور بازؤں پر کڑھائی کا استعمال کر کے

(iii) کالر، جیبوں اور ان کے نچلے کناروں پر لیس کا استعمال کر کے

(iv) درمیان میں بڑے جوڑ (Patch) لگا کر

صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے :

(a) (i) اور (ii)　　(b) (ii) اور (iii)

(c) (iii) اور (iv)　　(d) (i) اور (iv)

**.12** نیورا کیوبرال کے مطابق ترقی مواصلات (Development Communication) کے معنی ہیں : *1*

(i) انسانی ہا واصلات کا فن اور سائنس۔

(ii) ذہنی اور جسمانی پاکیزگی کو یقینی بنانا۔

(iii) پسماندہ معاشرے کو ترقی کے مواقع فراہم کرنا۔

(iv) قوم کی ترقی میں رُکاوٹ پیدا کرنا۔

صحیح جواب کا انتخاب کیجیے :

(a) (ii) اور (iv)   (b) (i) اور (iv)

(c) (i) اور (iii)   (d) (ii) اور (iii)

**.13** محترمہ ریکھا ایک پستہ قد اور زیادہ وزنی عورت ہے، وہ اپنے کرتے کے لیے کپڑا خریدنا چاہتی ہے۔ ذیل میں دیے گئے متبادل میں سے مناسب کپڑے کا ڈیزائن انتخاب کرنے میں ان کی مدد کیجیے : *1*

(i) بڑے دائرے کی کام کی لائن۔

(ii) اُفقی لائن (Horizontal lines) ۔

(iii) چھوٹی نقاشیاں اور چھپائی۔

(iv) عمودی لائن (Vertical lines) ۔

صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے :

(a) (i) اور (ii)   (b) (ii) اور (iv)

(c) (ii) اور (iii)   (d) (iii) اور (iv)

## کیس اسٹڈی پر مبنی سوالات

مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور سوال نمبر **14** تا **18** کے جواب لکھیے۔

کھانے کی حفاظت اور معیار گھریلو سطح پر اہم ہے، لیکن بڑے پیمانے پر کھانے کی پیداوار اور پروسیسنگ، اور جہاں پر کھانا تازہ تیار کیا جاتا ہے اور پیش کیا جاتا ہے، میں اہم ہے۔ ماضی میں بہت سے کھانوں کو گھر میں پر سیس کیا جاتا تھا اور ان کے معیار پر کوئی دھیان نہیں دیا جاتا تھا۔ ٹیکنالوجی اور پروسیسنگ میں ترقی، فی کس آمدنی میں بڑھوتری اور بہتر قوت خرید کے ساتھ ساتھ صارفین کی بڑھتی ہوئی مانگ نے تیار شدہ کھانے کی مختلف قسم کی مصنوعات، صحت کے لیے خوراک فعال/ فنکشنل فوڈ کھانے کی اشیاء تیار کی ہیں، ایسے کھانوں کے تحفظ کی جانچ کی ضرورت ہے۔

کھانے پینے کی اشیاء، خام اور پروسیس شدہ کا معیار صحتِ عامہ کا مسئلہ ہے اور اس پر توجہ دی جانی چاہیے۔ گذشتہ دہائی میں عالمی سطح پر حفاظتی مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ اس کے ساتھ ساتھ ہندوستان میں بھی نمایاں تبدیلی آئی ہے اور خوراک سے متعلق وسائل معیار اور خوراک کی حفاظت کو بہت زیادہ اہمیت حاصل ہوئی ہے۔

**14.** یہ یقین دہانی کرنا کہ صارفین کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ کہلاتا ہے ________ ۔ *1*

(a) کھانے کی حفاظت (b) کھانے کا پیمانہ

(c) کھانے کا معیار (d) کھانے کی قیمت

**15.** بازار میں پروسیس فوڈس میں اضافہ کی کیا وجوہات مددگار نہیں ہیں؟ *1*

(i) بڑی فی کس آمدنی

(ii) ملاوٹ

(iii) گھٹتی صارفین مانگ

(iv) موت کی شرح در

(v) فوڈ ٹیکنالوجی میں ترقی

صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے :

(a) (i), (ii), (iv) (b) (ii), (iii), (v)

(c) (i), (iii), (v) (d) (ii), (iii), (iv)

**.16** ہندوستانی حکومت نے کس سال میں فوڈ سیفٹی اینڈ اسٹنڈرڈس ایکٹ (FSSA) نافذ کیا تھا ؟ *1*

(a) 1974 (b) 2006

(c) 1984 (d) 2018

**.17** فوڈ انفیکشن یا فوڈ پوائزنگ مندرجہ ذیل میں سے کن وجوہات سے پیدا ہوتی ہے ؟ *1*

(i) نامکمل کھانا پکنے کی وجہ سے

(ii) آلودہ کھانا کھانے کی وجہ سے

(iii) بار بار صابن سے ہاتھ دھونے کی وجہ سے

(iv) کچّا گوشت صاف تختے پر کاٹنے سے

(v) کھانے کو بنا ڈھکے کھلا باہر رکھنا

صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے :

(a) (i), (ii), (iii)

(b) (ii), (iii), (v)

(c) (iii), (iv), (v)

(d) (i), (ii), (v)

**.18** مندرجہ ذیل میں سے کون سے کھانے میں جسمانی خطرات **نہیں** ہیں؟ *1*

(a) خمیر اور سڑا ہوا

(b) تنا اور بیج

(c) بال اور پنکھ

(d) کیل اور بولٹ

# سیکشن-B

**19.** اُن بچوں کی چار زمروں کی فہرست بنایئے جنھیں نابالغ انصاف ایکٹ(Juvenile Justice Act) کے مطابق دیکھ بھال اور تحفظ کی ضرورت ہے۔ 2

**20.** ایف-ایس-ایس-اے-آئی(FSSAI) کے مطابق غذائیت کیا ہے ؟ کوئی ایک مثال دیجیے۔ 2

**21.** (a) ' تنظیم (Organisation) کی پیداواری صالاحیت کو بہتر بنانے کے لیے ایرگونومک(Ergonomics) کا کردار اہم ہے '۔ ایرگونومک کے چار فوائد بتا کر درج بالا قول کی تائید کیجیے۔ 2

**یا**

(b) زندگی اور کام کے درمیان توازن حاصل کرنا آسان نہیں ہے اس تناظر میں کام کی جگہ پر ضرورت کے کوئی چار نرم مہارتوں(Soft Skills) کی وضاحت کیجیے۔ 2

**22.** (a) (i) آپ کی بہن حاملہ ہے اس کو ایسی حالت میں آیوڈین کی کمی کی وجہ سے بچہ پر ہونے والے دو منفی اثرات کی وضاحت کیجیے۔

(ii) آیوڈین کی کمی سے ہونے والی بیماری کا نام لکھیے۔ 2

**یا**

(b) (i) سگھنا ایک کسان ہے اس کی اسّی (80) سالہ والدہ بیمار ہے۔ صحت کی دیکھ بھال کی سہولت کے لیے گاؤں میں وہ انھیں کہاں لیکر جائے گا؟ صحت کی دیکھ بھال کی اس سطح کی نشاندہی کیجیے۔

(ii) ہندوستان میں دستیاب دو دیگر صحت کی دیکھ بھال سطحوں کا ذکر کیجیے۔ 2

**23.** (a) پہلا ہندوستانی سٹلائٹ جسے صرف تعلیمی خدمات کے لیے بنایا گیا، کا نام لکھیے۔ 2

**یا**

(b) اس کو کب لانچ کیا گیا تھا؟ 2

**24.** (a) نیم خراب ہونے والی اشیاء (Semi-perishable) اور غیر خراب ہونے والی اشیاء (Non-perishable) والے کھانے کے درمیان فرق بتائیے اور ایک ایک مثال بھی دیجیے۔ 2

**یا**

(b) (i) فوڈ ٹیکنالوجی کی اصطلاح سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

(ii) مرکزی فوڈ ٹیکنالوجی ریسرچ انسٹی ٹیوشن (CFTRI) کا صدر دفتر کہاں واقع ہے؟ 2

**25.** ارون نے ایک ڈرائی کلین اسٹور میں کام کرنا شروع کیا ہے۔ اس کو سمجھائیے کہ تجارتی دھلائی کی دوکانوں میں اشیاء کا ریکارڈ کیسے رکھا جاتا ہے۔ 2

**26.** (a) آپ کی بڑی بہن ECCE پروفیشنل بننا چاہتی ہے۔ دو تعلیمی قابلیت اور ECCE کے کوئی چار کے بارے میں اس کی رہنمائی کیجیے۔ 3

**یا**

(b) امت اپنے نئے کھولے گئے پری اسکول سینٹر کے لیے ای۔ سی۔ ای پروفیشنلوں کی تقرری کر رہا ہے۔ ان کا انتخاب کرتے وقت اسے کون سی چھ مہارتوں کو اپنے ذہن میں رکھنا چاہیے؟

**27.** (a) نیروا اپنے ہاتھ سے کڑھائی کرنے میں مہارت رکھتی ہے۔ وہ کپڑوں میں خاصیت پیدا کرنے کے لیے اپنی مہارت کو کس طرح استعمال کر سکتی ہے؟ اس کی دو مثالیں لکھیے۔

(b) گریہہ اسکیل سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ *2+1=3*

**28.** (a) 'مہمان نوازی کے شعبے میں نوجوان اہل کاروں کا ایک بڑا حصّہ ہے'۔ اپنے جواب کی حمایت میں چار وجوہات بتا کر بیان کو درست ثابت کیجیے۔

(b) ایسے دو طرح کے نظام کا نام بتایئے جو مہمان نوازی خدمات فراہم کرتے ہیں؟ *2+1=3*

**29.** مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک کی کوئی دو مثالیں دیجیے : *3*

(a) خوراک کی تقویت

(b) اخذ کردہ خوراک

(c) محفوظ شدہ خوراک

## سیکشن۔C

**30.** (a) (i) آپ کے اسکول میں 'عالمی یوم حقوق' صارفین پر ایک نمائش کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں آپ کو صارفین کی تعلیم اور تحفظ سے متعلق طلبا کو ترغیب دینی ہے۔ مزید اس شعبے میں شامل تین پیشوں کی فہرست بنایئے۔

(ii) علم صارفین (Consumer studies) کے میدان میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے کن دو صلاحیتوں کا ہونا لازمی ہے۔ *3+1=4*

**یا**

(b) (i) سامان خریدتے اور خدمات کا استعمال کرتے وقت صارفین کو بہت سی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کوئی تین صارفین کی دشواریوں کا ذکر کیجیے۔

(ii) صارفین کے تحفظ قانون 1986 کو کس سال بدلا گیا۔ 3+1=4

**31.** کملا کا دو سال کا بچہ غذائیت کی کمی اور وزن کی کمی کا شکار ہے۔

(a) (i) نشوونما کی کمی اور بونا پن کے درمیان فرق سمجھنے میں اس کی مدد کیجیے۔

(ii) اسے حکومت کی جانب سے غذائیت کی کمی کی شرح کو کم کرنے کے لیے اٹھائے گئے کوئی دو اقدامات کے بارے میں بتائیے۔ 2+2=4

**یا**

(b) آپ کا بھائی کلینیکل نیوٹریشن اور ڈائی ٹیکٹسٹ میں اپنی اعلیٰ تعلیم حاصل کرنا چاہتا ہے۔

(i) ایک طبّی ماہر غذائیت میں ضروری کوئی چار علم اور مہارتوں کو بتا کر رہنمائی کیجیے۔

(ii) اس شعبہ میں شامل کوئی چار پیشوں سے متعلق اسے مشورہ دیجیے۔ 2+2=4

**32.** (a) ہدف برائے بازار (Target market) کیا ہے؟ چھ تجارتی حقوق بھی بیان کیجیے۔ 4

**یا**

(b) ایک فیشن تاجر کو مارکیٹ تقسیم (market segmentation) کے چار طریقے بتائیے۔ 1×4=4

**33.** (a) ہندوستان میں بزرگوں کی آبادی میں کمزوری کی دو ممکن وجوہات کیا ہو سکتی ہیں ؟

(b) ہمارے ملک میں بزرگوں کے لیے جاری تین پروگراموں کی فہرست بنائیے۔ *1+3=4*

**34.** (a) (i) فوڈ پروسیسنگ اور ٹیکنالوجی کی ترقی میں نکولس اپیرٹ (Nicolas Appert) اور لوئس پوسچر (Louis Pasteur) کے تعاون پر تبادلۂ خیال کیجیے۔

(ii) فوڈ پروسیسنگ اور تحفظ کی کیا اہمیت ہے؟ کوئی تین نکات لکھیے۔ *2+3=5*

**یا**

(b) (i) خوراک معیار علاقہ میں کنھی دو انٹر نیشنل اداروں کے نام لکھیے۔

(ii) فوڈ چین کے کسی بھی مرحلے پر اچھے صنعت کاری اور اچھی ہینڈلنگ کے ذریعہ کھانے کی حفاظت اور معیار کو کس طرح یقینی بنایا جا سکتا ہے؟ *2+3=5*

**35.** 'فیشن ایک چکر کی شکل میں بدلتا ہے' اس قول کے ضمن میں فیشن چکر کے پانچ مراحل کی مختصراً وضاحت کیجیے۔ *1×5=5*